# آئیے تیار رہیں، نیو یارک!

یہ کتاب آپ کو اپنے پڑوس میں یا شہر کے آس پاس کسی ہنگامی صورتحال کا منصوبہ بنانے میں مدد فراہم کرسکتی ہے۔
نیو یارک تیار ہو رہا ہے . . . اپ صفحات پلٹیں اور دیکھیں آپ بھی کیسے تیار ہوسکتے ہیں!



**1** کیا آپ نیو یارک شہر میں رہتے ہیں؟
رہنے کے لئے کیا ہی اچھی جگہ ہے!
ہمیشہ کچھ نہ کچھ ہوتا رہتا ہے
اور کچھ چیزیں ایسی ہیں جن کا ہم اندازہ نہیں کرسکتے ہیں۔

**2** کیونکہ ہم کبھی بھی مطمئن نہیں ہو سکتے ہیں
کہ ہو بہو کیا ہونے والا ہے
ہوشیاری محفوظ رہنے میں ہی ہے
ہنگامی صورتحال کے لئے منصوبہ

**3** ہنگامی صورتحال، جیسے آگ اور طوفان
واقع ہوتے رہتے ہیں، یہ ایک سچائی ہے
لیکن یہ جاننا کہ کسی ایسے واقعہ کے سامنے کیا کرنا چاہئیے
وہ ہم سب کے لئے لازمی ہے؟

**4** میئر جانتے ہیں کہ کیا کرنا چاہئیے
اسکول انتظامیہ بھی دانشمند ہے
اب ہماری باری ہے -- پانچوں قصبوں میں
کسی بھی اچانک واقعہ کے لئے تیار رہنے کا منصوبہ بنانے کی

**5** تو مزید معلومات کے لئے صفحہ الٹئیے
بالکل آسان ہے
آئیے، نیو یارک، ہم سب کسی بھی ہنگامی صورتحال کے لئے تیار رہ سکتے ہیں

**پس تیار رہیں، نیو یارک۔ اسی میں ہوشیاری اور ہماری حفاظت ہے! مزید جاننے کے لئے، صفحہ پلٹیں!**

# آئیے تیار رہیں، نیو یارک!

## غیر متوقع حالات کے لئے تیار رہنا ہوشیاری ہے



معلوم کریں کہ کس طرح:
- **ہنگامی حالات کے لئے** تیار ہوجائیں
- **سمجھ لیں** کہ کیا کرنا چاہئیے
- **اگر ضروری ہو تو** اخراج کے لئے تیار رہیں

آئیے کتابچے کے اندر ایک نظر ڈالیں!

**اس "بچوں کے لئے تیار رہو نیو یارک" اسٹوری بک کا مالک ہے:**

2020 ایڈیشن

## نیو یارک رہنے کے لئے ایک عمدہ مقام ہے!

Brooklyn Bridge کی اس تصویر میں رنگ



## ایمرجنسی کے لئے پپی پلان میں مدد کریں!

اب جب کہ آپ نے اہل خانہ کا ہنگامی منصوبہ بنایا ہے، اپنے پالتو جانور کے لئے بھی منصوبہ بنائیں! دائیں طرف کی بھول بلییا کو فالو کریں اور کم سے کم 4 اشیاء جمع کریں جن کی آپ کے پالتو جانور کو ضرورت ہو جیسے آپ باہر نکلنے کا راستہ تلاش کررہے ہوں۔




اس رہنما کی اضافی کاپیاں حاصل کرنے کے لئے یا دیگر زبانوں میں رہنما حاصل کرنے کے لئے 311 پر کال کریں یا NYC.gov/readyny ویب سائٹ کو دیکھیں۔

Ready
NYC
NYC Emergency Management
NYC Department of Education

## ریاضی کی پہیلی: نیویارک، نیو یارک

| | | | |
|---|---|---|---|
| 7 | | 3 | |
| 6 | 1 | | |
| 4 | | 0 | 2 |
| | 3 | 5 | 9 |

نیچے ریاضی کی پہیلی میں، غیر حاضر نمبروں کو پُر کرنے کے لئے اپنے نمبر سمارٹ کا استعمال کریں۔ ہر صف میں شامل نمبروں کا جوڑ دائیں طرف کی کل تعداد کے برابر ہے۔ ہر کالم میں شامل نمبروں کا جوڑ نیچے کی کل تعداد کے برابر ہے۔ پہیلی کو حل کرنے کے لئے 0-9 کے عددوں کا استعمال کریں۔

جب آپ پہیلی مکمل کرلیتے ہیں تو، نیو یارک کے چند دلچسپ حقائق کے بارے میں پڑھنے کے لئے ہر رنگ کے مربع میں نمبر سے ملائیں!

### نیو یارک کے بارے میں حقائق

**7** نیو یارک سٹی میں، جنوری میں اوسطا 7 انچ برفباری ہوتی ہے۔ مین ہٹن میں واقع سیونتھ ایوینیو کو فیشن ایونیو کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

**6** نیو یارک سٹی کی مہر (شہر کے سرکاری جھنڈے پر دکھائی گئی ہے، اور اس رہنما کے پچھلے سرورق پر) 6 حصوں پر مشتمل ہے: ڈھال، لوگ، شہر کا سال پیدائش، امریکی عقاب، لاطینی زبان میں مہر کا نام، اور ایک پتے دار شاخ (جسے لاریل کہتے ہیں)۔

**4** میئر ہر 4 سال بعد منتخب ہوتا ہے، اور وہ نیو یارک سٹی کی انتظامی برانچ کا سربراہ ہوتا ہے۔ میئر سٹی ہال میں کام کرتے ہیں۔

**9** براڈ وے، جو لوور مین ہٹن میں بولنگ گرین سے شروع ہوتی ہے اور البانی میں اختتام پذیر ہوتی ہے، دنیا کی سب سے لمبی 150 میل (241 کلومیٹر) سڑک ہے۔ اس سڑک کا سرکاری نام ہائی وے 9 ہے۔

**5** نیو یارک سٹی میں 5 بورو (قصبے) ہیں۔

**3** مین ہٹن کی سڑکوں کی ترتیب بنیادی طور پر ایونیو اور اسٹریٹس پر مشتمل ہے۔ ایونیو کے درمیان کی جگہ اسٹریٹس کے درمیان کی جگہ سے تقریبا 3 گنا زیادہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 0 | 3 | 4 |
| 1 | 2 | 3 |
| 2 | 0 | 2 |

# 311 اور 911 پر فون کرنا

(کیا آپ جانتے ہیں کہ ان کو کب استعمال کرنا چاہئیے؟)

### 911 پر کال کریں...

- جب آپ کو فوری خطرہ ہو یا کو ئی جرم ہو تے ہو ئے دیکھیں
- سنگین چوٹ ہو یا کسی طبی حالت کے لئے
- غیر ہنگامی صورتحال کے لئے یا بجلی کی بندش کی اطلاع کیلئے 911 پر فون نہ کریں (ایمرجنسی کالوں کے لئے فون لائنوں کو کھلا رکھیں)۔

### 311 پر کال کریں...

جب آپ کو غیر ہنگامی خدمات اور معلومات کی ضرورت ہو، جیسے کہ:

- اسکول اور اسکول کے بعد کے پروگرام
- اسکول بس کی معلومات
- شہر میں عوامی تالاب (پول) اور ان کے اوقات
- اپنے محلے میں رضاکارانہ سرگرمیاں
- کسی ہنگامی صورتحال میں پالتو جانوروں کی حفاظت کیسے کریں ("پالتو جانور کے لئے تیار نیویارک" کے لئے پوچھیں)
- کنبہ کے اراکین کے لئے صحت اور مشاورت کی خدمات

آپ 311 پر دن میں 24 گھنٹے جیتے جاگتے آپریٹر تک پہنچ سکتے ہیں۔ 170 زبانوں میں ترجمان دستیاب ہیں۔

**ہنگامی حالات کے لئے 311 پر کال نہ کریں۔**

## اہل خانہ کا ہنگامی منصوبہ

علاقے سے دور کے دوست/رشتہ دار کا فون نمبر#: ____________________

دیگر اہم معلومات: ____________________

# فیملی صفحات پھاڑ کر نکالیں

**(والدین اور سرپرستوں کے لئے)** آپ اور آپ کے اہل خانہ کو کسی ہنگامی صورتحال میں محفوظ رہنے میں مدد کے لئے آگے کے اقدام پر عمل کریں۔

## 1 تیار رہیں: ایک منصوبہ بنائیں

ایک ہنگامی صورت حال میں ہر اسکول کے پاس ایک منصوبہ ہوتا ہے۔ اسکول کے حفاظتی منصوبوں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، اپنے بچے کے اسکول سے والدین کا رہنما طلب کریں۔

اپنے خاندان کے ساتھ بیٹھ کر کسی ہنگامی صورتحال سے نپٹنے کے لئے ایک منصوبہ بنائیں۔ اگر اہل خانہ ایک دوسرے کے ساتھ رابطے میں رہیں تو ہنگامی صورتحال میں ہر شخص بہتر انتظام کرسکتا ہے۔

- ❍ اپنے اہل خانہ کے نیٹ ورک میں ہر فرد کا فون نمبر اور ان جگہوں کی جہاں وہ اپنا وقت گزارتے ہیں (کام، اسکول، وغیرہ) فہرست بنائیں۔ اپنے بیٹے (بیٹوں) یا بیٹی (بیٹیوں)؛ شوہر یا بیوی؛ آپ کے بچے (یا بچوں) کے اسکول؛ وغیرہ کو شامل کریں
- ❍ اپنے اہل خانہ سے رابطہ کرنے کے لئے، کسی مخصوص جگہ پر ملنے کا منصوبہ بنائیں۔ اپنے ملاقات کے مقام کا نام اور پتہ لکھیں۔
- ❍ اگر آپ کے اہل خانہ ایک دوسرے کو نہیں ڈھونڈ سکتے ہوں تو کسی جانکار شخص کو فون کرنے کا منصوبہ بنائیں جو دور رہتا ہو۔ ان کا نام اور فون نمبر لکھیں۔ اپنے "دور رہنے والے" شخص کو اپنے ہنگامی منصوبے کی ایک کاپی دیں۔ یقینی بنائیں کہ وہ آپ کے رابطے کا مرکز بننے پر راضی ہے۔
- ❍ دائیں طرف ہنگامی منصوبہ کارڈ کو پُر کریں۔ منصوبے میں شامل ہر فرد کے لئے کارڈ اور اپنے اہل خانہ کے منصوبے کی ایک کاپی بنائیں۔

## 2 تیار رہیں: گھر میں قائم رہنے کے لئے تیار رہیں

ہو سکتا ہے کہ ایک ہنگامی صورت حال میں آپ کو گھر میں قائم رہنے کی ضرورت پڑے۔ اس صورت میں آپ کو کم سے کم تین دن تک گزارہ کرنے کے لیے کافی سامان کی ضرورت ہوگی۔ ان اشیاء کو ایک الگ کنٹینر یا خصوصی الماری میں رکھیں۔

آپ کے سٹے ایٹ ہوم کٹ (گھر میں قائم رہنے کے کٹ) میں شامل ہونا چاہئے:





- ❍ ایک گیلن پینے کا پانی فی شخص فی دن
- ❍ نہ سڑنے والے، کھانے کے لیے تیار ڈبہ بند غذائیں اور دستی کین اوپنر
- ❍ فرسٹ ایڈ کٹ، فلیش لائٹ (ٹارچ) اور سیٹی
- ❍ بیٹری سے چلنے والا ریڈیو اور اضافی بیٹریاں
- ❍ آئیوڈین کی گولیاں یا بغیر خوشبو کے ایک کوارٹ بلیچ (پانی کے جراثیم مارنے کے لئے صرف اگر آپ کو ایسا کرنے کے لیے حکام صحت نے ہدایات دی ہوں) اور آنکھوں میں دوا ڈالنے کا ایک ڈراپر (پانی میں بلیچ ڈالنے کے لیے)
- ❍ ایسا فون جو بجلی پر انحصار نہ کرتا ہو زیادہ تر لینڈ لائنز کو بجلی کی ضرورت ہوتی ہے۔ سیل فون کو جب تک وہ چارج ہو ایک ہنگامی صورتحال میں کام کرنا چاہئے۔

## 3 جانے کے لئے تیار رہیں: گو بیگ تیار رکھیں

ایک ہنگامی صورتحال میں آپ کو بہت جلد اپنا گھر چھوڑنے کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ آپ کے گھر کے ہر فرد کے پاس ایک گو بیگ ہونا چاہئے (پالتو جانوروں کے لئے بھی!)

آپ کا گو بیگ مضبوط اور لے جانے میں آسان ہونا چاہئیے، ایک بیک پیک کی طرح یا پہئیے والے چھوٹے سوٹ کیس کی طرح۔ یہ یقین بنانے کے لئے کہ یہ ہر وقت تیار ہے سال میں کم از کم دو بار سپلائی چیک کریں۔






آپ کے گو بیگ میں شامل ہونا چاہئیے:

- ❍ ایک واٹر پروف کنٹینر میں اپنے اہم دستاویزات کی نقول (فوٹو آئی ڈی، انشورنس کارڈز، سند پیدائش، گھر یا کار کے ٹائٹل)
- ❍ کار اور گھر کی چابیوں کا فالتو سیٹ
- ❍ کریڈٹ اور ATM کارڈز کی نقول اور چھوٹی نقدی
- ❍ پانی کی بوتل اور خراب نہ ہونے والی کھانے کی چیزیں جیسے اینرجی اور گرینولا بار
- ❍ ٹوتھ پیسٹ، ٹوتھ برش، صفائی کی گیلی وائپ، بچوں کی دیکھ بھال کی اشیاء، وغیرہ
- ❍ فلیش لائٹ
- ❍ بیٹری سے چلنے والا AM/FM ریڈیو اور اضافی بیٹریاں
- ❍ آپ کے گھر کے ہر فرد کی لینے والی دوائیوں کی تحریری فہرست
- ❍ فسٹ ایڈ کٹ
- ❍ اپنے اہل خانہ کے رابطے اور ملاقات کی جگہ سے متعلق معلومات اور فون نمبر
- ❍ نیو یارک شہر کا چھوٹا نقشہ

جب آپ گو بیگ کو بھر لیں تو اس کی جانچ کرلیں کہ آپ اسے آسانی سے اٹھا اور لے جاسکتے ہیں۔

## ہنگامی منصوبوں کا جائزہ لیں۔

آپ کا نام: ____________________

والدین/سرپرست کا نام: ____________________

والدین/سرپرست کا فون نمبر: ____________________

اہل خانہ کی ملاقات کی جگہ: ____________________

____________________

____________________

تصاویر، پہلا کالم، اوپر سے نیچے: © جیمز بیگری / ڈیجیٹل وژن / گیٹی امیجز؛ WA/ فوٹو ڈسک / گیٹی امیجز / گیٹی امیجز؛ © جونٹر امیج / اپیل اسٹاک / الامی
تصاویر، دوسرا کالم: © آئی سٹک فوٹو، فرسٹ ایڈ کٹ © لیو ارانٹس / کوربیس۔




# آئیے تیار رہیں!

چاہے آپ اسٹیٹن آئلینڈ، بروکلن، کوئینز، برونکس، یا مین ہٹن میں رہتے ہوں، ہوشیار اور محفوظ رہنا ہمیشہ بہترین بات ہے۔ کیا آپ کسی ہنگامی صورتحال کے لئے تیار ہیں؟ کیا آپ کے اہل خانہ کا کوئی منصوبہ ہے؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کے اسکول کا کیا منصوبہ ہے؟ ذیل میں یہ نظم پڑھیں اور دیکھیں کہ پانچوں قصبوں (بورو) میں کچھ بچے کیسے تیار ہو رہے ہیں۔ جب آپ نے اپنے کنبے کا منصوبہ بنایا ہو، تب آپ تیار رہیں گے، چاہے کوئی بھی صورت حال ہو۔

جب آپ نظم پڑھ کر فارغ ہوجائیں گے تو نقشہ دیکھیں اور اپنے گھر اور اپنے اسکول کے مقام پر ستارہ لگائیں۔

## 1 تیار رہیں: ایک منصوبہ بنائیں

ہمارے لئے وقت آگیا ہے **کہ ایک منصوبہ بنائیں**
کہ اگر ہم ایک جگہ نہ ہوں
تو اپنے پیاروں سے **کہاں ملیں گے**
کسی بھی طرح کے موسم میں

**فون نمبر** جن کی ہمیں ضرورت ہوگی
ہمیں **دو نمبر اکٹھے کرنا ہوں گے**
ایک آپ کے **گھر کے قریب کسی کا**
دوسرا **آپ کے گھر سے بہت دور کسی کا**

ہم **اپنے منصوبے کی مشق کریں گے** یقینی بنانے کے لئے
کہ ہمیں معلوم ہے **کہ ہمیں کیا کرنا ہے**
ہم ان اقدامات کے بارے میں بات کریں گے جو ہمیں اٹھانے ہوں
گے اور **ان سب کو لکھ بھی دیں گے**

اب وقت آگیا ہے کہ ہم **ایک منصوبہ بنائیں**
اس سے قطع نظر کہ جہاں بھی ہوں
ہم **گھر سے باہر ملیں گے**
ایک جگہ جو **قریب ہے**، ایک جو **دور ہے**

کسی **منصوبے کے ساتھ** تیار رہنے سے
ہم جانتے ہیں کہ ہم
زیادہ محفوظ اور **تیار محسوس کریں گے**
**کسی بھی ایمرجنسی میں تیار**

## 3 جانے کے لئے تیار رہیں: ایک بیگ تیار رکھیں

لیکن بعض اوقات اہل خانہ کو **جانا پڑتا ہے**
اور **گھر چھوڑنا پڑتا ہے** تھوڑی دیر کے لئے
جب واقعات اچانک رونما ہوتے ہیں
اس کے لئے پہلے سے تیاری کرنی پڑتی ہے

ایک **گو بیگ**، جو تمام لازمی چیزوں سے بھرا ہو
آگے **آسانی فراہم کرنے میں مدد گار** ثابت ہوگا
اور جن چیزوں کی ہمیں **ضرورت** ہوگی اور ہمیں **عزیز ہیں** ساتھ لے آئے گا
دن گزارنے کے لئے

ہم سب کے لئے کچھ **کھانے پینے کی چیزیں**
**نقشہ** اور **فلیش لائٹ (ٹارچ)** دیکھنے میں ہماری مدد کرنے کے لئے
**ایک پسندیدہ کتاب** اور **ایک ریڈیو** پیک کرلیں
**(بیٹریاں نہ بھولیں!)**

## 2 تیار ہوجائیں: گھر پر تیاری کریں

**گھر میں قائم رہنے کی تیاری کے لئے**
ایک یا کئی دن تک
ہمیں ایک **سٹے ایٹ ہوم کٹ**
**(گھر میں قائم رہنے کا کٹ)** کی ضرورت ہوگی
یہ کئی طرح سے **ہوشیاری کا** قدم ہے

**ایک فلیش لائٹ (ٹارچ)** جس سے رات میں روشنی ملے
**ایک سیٹی** کی مددگار آواز
**ڈبہ بند کھانا** اور **بوتل کا پانی**
یہ سب آسانی سے مل سکتے ہیں

ایک کٹ دستیاب اور تیار
**ایک ہی جگہ پر** اور تین تین جگہوں پر نہیں
ہمارا خاندان **گھر میں محفوظ** رہ سکتا ہے
ایک ہنگامی صورت حال میں **تیار**

**ہم تیار ہیں** اب کسی بھی حالات کے لئے
چاہے ہم دور ہوں، **اسکول** میں ہوں، یا **گھر** میں ہوں
ہمارا **منصوبہ** تقریبا مکمل ہے

اسکول میں ہم **اساتذہ کے ہدایات**
اور گھر میں اپنے **اہل خانہ کے منصوبہ** پر
عمل کریں گے جو بھی آنے والا ہو ہم تیار ہیں
**تیار** کسی بھی ہنگامی صورتحال کے لئے